**29-06-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ماجی علی

**Music**

-------------------------------

☆ لداخ میں ٹینکوں کی مشق کے دوران پانچ فوجیوں کی جانیں تلف ہوگئی ہیں۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اِس پر اپنے صدمے کا اظہار کیا ہے۔

☆ امتحانات سے متعلق ایجنسی NTA نے UGC-NET، سی ایس آئی آر UGC-NET اور NCET کی نئی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔

☆ شری امرناتھ جی کی مقدس یاترا آج صبح سے شروع ہوگئی۔

☆ جنوب مغربی مانسون مزید آگے بڑھ گیا ہے۔ آج کئی ریاستوں میں تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

☆ آج شام بارباڈوز میں ٹوینٹی-ٹوینٹی مردوں کے عالمی کپ میں بھارت کا سامنا جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## Ladakh Tank Accident

لداخ میں ٹینکوں کی ایک مشق کے دوران پانچ فوجی جاں بحق ہوگئے ہیں۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب پچھلی رات ٹینکس ایک ندی کو پار کررہے تھے اور اُس میں اچانک سیلاب آ گیا۔ حقیقی کنٹرول لائن کے نزدیک دولت بیگ Ode علاقے میں یہ مشق جاری تھی۔ ایک سرکاری بیان میں لیہہ میں دفاع کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب فوج کا ایک T-72 ٹینک مشرقی لداخ میں Saser Brangsa کے قریب Shyok ندی میں اچانک پانی کی سطح میں اضافہ ہونے کی وجہ سے پھنس گیا۔ بچاؤ ٹیمیں جائے واردات پر پہنچیں لیکن تیز بہاؤ اور پانی کی سطح زیادہ ہونے کی وجہ سے یہ مشن کامیاب نہیں ہوسکا اور فوجی جاں بحق ہوگئے۔

## NTA Exam

امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی NTA نے ملتوی اور منسوخ شدہ امتحانات کی نئی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔
NTA نے بتایا کہ UGC-NET جون 2024 کا امتحان اب 21 اگست اور 4 ستمبر کے درمیان کرایا جائے گا۔

UGC-NET امتحان اِس مہینے کی 18 تاریخ کو کرائے جانے کے ایک دن بعد منسوخ کردیا گیا تھا کیونکہ تعلیم کی وزارت کو اِس طرح کی جانکاری ملی تھی کہ اِس امتحان کا کوئی اعتبار نہیں رہا ہے۔ سی ایس آئی آر، UCG-NET جون 2024 کا امتحان جسے احتیاطاً ملتوی کردیا گیا تھا، اب 25 سے 27 جولائی تک ہوگا۔ چار سالہ Integrated ٹیچر ایجوکیشن پروگرام ITEP میں داخلے کا امتحان اب 10 جولائی کو کرایا جائے گا جسے ملتوی کردیا گیا تھا۔NTA یہ بھی کہا ہے کہ کُل ہند آیوش پوسٹ گریجویٹ داخلہ امتحان 2024 اپنے پروگرام کے مطابق اگلے مہینے کی 6 تاریخ کو کرایا جائے گا۔x

## Naidu Books

وزیراعظم نریندر مودی کل دوپہر ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ سابق نائب صدر جمہوریہ ایم وینکیا نائیڈو کی زندگی پر لکھی گئی تین کتابوں کا اجراء کریں گے۔ یہ تقریب جناب نائیڈو کے 75 ویں یوم پیدائش پر منعقد کی جارہی ہے اور یہ حیدرآباد کے گچی باؤلی میں Anvaya کنونشن سینٹر میں منعقد کی جائے گی۔ وزیراعظم کے ذریعہ جن کتابوں کا اجراء کیا جائے گا وہ اِس طرح ہیں:''وینکیا نائیڈو-ایک زندگی خدمت میں'' کے نام سے لکھی گئی سوانح حیات جس کے مصنف دی ہندو حیدرآباد ایڈیشن کے سابق ریزیڈنٹ ایڈیٹر ایس ناگیش کمار ہیں۔

دوسری کتاب ''Celebrating Bharat- جناب ایم وینکیا نائیڈو کا بھارت کے 13 ویں نائب صدر کے طور پر مشن اور پیغام''۔

یہ کتاب تصویروں کا ایک مجموعہ ہے جس کو نائب صدر کے سابق سکریٹری ڈاکٹر آئی وی Subba Rao نے ترتیب دیا ہے۔ اور تیسری کتاب تیلگو زبان میں ہے۔

''Mahaneta- جناب ایم وینکیا نائیڈو کی زندگی کا سفر'' کے نام سے ایک تصویری سوانح حیات ہے۔

## Telangana Leader Death

راجیہ سبھا کے سابق ممبر اور غیر منقسم آندھراپردیش ریاستی کانگریس کمیٹی کے صدر Dharmapuri Srinivas کا آج صبح انتقال ہوگیا۔ وہ 75 سال کے تھے۔ اُن کا پچھلے کچھ دنوں سے ایک اسپتال میں علاج چل رہا تھا۔ Dharmapuri سرینواس، 1989، 1999، اور 2004 میں تین بار ریاستی اسمبلی کیلئے منتخب کئے گئے۔ وہ 2009 میں اعلیٰ تعلیم اور انٹرمیڈیٹ تعلیم کے وزیر بھی رہے۔x

## Jharkhand Free Electricity

جھارکھنڈ کی سرکار نے گھریلو صارفین کو ہر مہینے 200 یونٹ بجلی مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ چمپئی سورین کی زیر صدارت کابینہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ کابینہ سکریٹری Vandana Dadel نے بتایا کہ سرکار اِس کے ہر مہینے تقریباً 21 کروڑ 70 لاکھ روپے کے فاضل اخراجات برداشت کرے گی۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ اور زیادہ لوگوں کو یہ سہولت دینے سے اِس سے لگ بھگ 41 لاکھ 40 ہزار صارفین کو فائدہ پہنچے گا۔

## Cochin Shipyard

کرناٹک کی Udupi کوچین شپیارڈ لمیٹڈ کو ناروے کی ایک کمپنی سے ایک ہزار 100 کروڑ روپئے کا ایک آرڈر ملا ہے جس کے تحت کمپنی باربرداری میں استعمال ہونے والے آٹھ جہاز تیار کرے گی۔ یہ کمپنی کوچین شپیارڈ لمیٹڈ کی ایک معاون کمپنی ہے۔ یہ باربردار جہاز یوروپ کی ساحلی بندرگاہوں تک مال کی نقل وحمل کیلئے استعمال کئے جائیں گے۔ستمبر 2028 تک یہ آرڈر پورا کیا جائے گا۔x

## Cracker Factory Accident

خبر ملی ہے کہ تمل ناڈو کے Virudhunagar ضلع کے Sattur علاقے میں آتش بازی کے ایک کارخانے میں دھماکہ ہونے سے چار افراد ہلاک ہوگئے۔ جس وقت دھماکہ ہوا وہاں 50 مزدور کام کر رہے تھے۔ آگ لگنے کی وجہ سے فیکٹری کے 15 کمروں میں سے تین جل کر راکھ ہوگئے۔ یہ معلوم نہیں ہوسکا ہے کہ ملبے میں کوئی مزدور دبا ہوا ہے یا نہیں۔ آگ بجھانے کی کوششیں جاری ہیں۔ آگ کو پوری طرح بجھائے جانے کے بعد بچاؤ کام شروع ہوگا۔

## Govt EPS

حکومت نے ملازمین کی پینشن اسکیم میں ترمیم کی ہے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جن ارکان کی طرف سے فنڈ جمع کراتے ہوئے چھ مہینے بھی نہیں ہوئے ہیں، انھیں بھی رقم نکالنے کا فائدہ حاصل ہو۔

اِس ترمیم سے ہر سال 7 لاکھ سے بھی زیادہ EPS ارکان کو فائدہ پہنچے گا جو چھ مہینے سے بھی کم مدت تک فنڈ جمع کراکر اِس اسکیم کو چھوڑ دیتے ہیں۔

## Amarnath Ji Pilgrimage

آج صبح وادئ کشمیر میں پہلگام اور بالتل دونوں راستوں سے سخت حفاظتی بندوبست کے دوران شری امرناتھ جی کیلئے سالانہ مقدس یاترا شروع ہوئی جو 52 روز تک جاری رہے گی۔ یہ یاترا 19 اگست کو Shravan Purnima کے مبارک موقع پر اختتام پذیر ہوگی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے کی انتظامیہ نے یاترا کو خوش اسلوبی سے کرانے کے لیے سکیورٹی کا خاطر خواہ بندوبست کیا ہے۔x

## India Colombo Process

بھارت نے کل جنیوا میں واقع تارکین وطن کی بین الاقوامی تنظیم، IOM کے ہیڈکواٹرز میں، مستقل نمائندہ سطح کی میٹنگ میں، کولمبو پروسز کے صدر کے طور پر اپنی پہلی میٹنگ کی صدارت کی۔ کولمبو پروسز ایک علاقائی مشاورتی عمل ہے جو ایشیا کے 12 رکن ممالک پر مشتمل ہے جو بنیادی طور پر مائیگرینٹ ورکروں کے لیے اصل ممالک کی طرح خدمات انجام دیتا ہے۔ یہ فورم بیرون ملک ملازمت کے انتظام وانصرام سے متعلق بہتر طریقوں کے تبادلہ کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس فورم میں شامل ہونے کے بعد سے پچھلے مہینے بھارت نے پہلی مرتبہ کولمبو پروسز کی صدارت سنبھالی ہے۔

وزارت خارجہ نے بتایا کہ یہ میٹنگ کولمبو پروسز کے مقاصد کو حاصل کرنے کے تئیں تعاون کے جوش وجذبے اور مشترکہ نظریات کی علامت تھی۔وزارت خارجہ میں پاسپورٹ، ویزا اور بیرون ملک بھارتیوں کے امور سے متعلق سکریٹری قونصلر مکیش پردیشی نے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد خصوصی خطاب کیا۔ انہوں نے کولمبو پروسز کے مقاصد کو آگے لے جانے کے لیے بھارت کے عہد اور ممبرملکوں کے درمیان اشتراک کو وسعت دینے پر زور دیا۔ بھارت نے اگلے دو سال کے لیے کام کرنے کے منصوبے کا ایک خاکہ پیش کیا ہے جس میں کولمبو پروسز کو مزید پائیدار بنانے کے لیے کلیدی ترجیحات اور اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

## US Report Religious

بھارت میں کئی مذہبی لیڈروں نے امریکہ کے وزیر خارجہ اینٹنی بلنکن کے اُس بیان پر سخت اعتراض کیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ بھارت میں مذہبی نفرت پھیلانے والی تقاریر اور تبدیلی مذہب کو روکنے والے قانون کے بارے میں تشویشناک طور پر اضافہ ہوا ہے۔ بھارت نے بین الاقوامی مذہبی آزادی 2023 پر امریکہ کی وزارت خارجہ کی رپورٹ کو جانبدارانہ بتاتے ہوئے مسترد کردیا ہے۔

کل شام نئی دلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ اِس رپورٹ میں پہلے سے طے شدہ خیال کو ثابت کرنے کے لیے کچھ خاص واقعات کا حوالہ دیا گیا ہے۔

## Monsoon

بھارت کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون اور آگے بڑھ گیا ہے اور آج کئی ریاستوں میں بارش ہوسکتی ہے، جن میں راجستھان کے کچھ اور علاقے، مغربی اترپردیش، ہریانہ، دلّی، مدھیہ پردیش کے باقی حصے، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، بہار، مشرقی اترپردیش کے مزید علاقے اور اتراکھنڈ کے باقی ماندہ علاقے شامل ہیں۔ محکمے کے مطابق ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش، مشرقی راجستھان، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، کونکن، گوا اور مدھیہ پردیش میں آج موسلادھار بارش ہوسکتی ہے۔

## WB Defamation Case

مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر سی وی آنند بوس نے کلکتہ ہائی کورٹ میں وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے خلاف ہتک کا مقدمہ دائر کیا ہے۔ اِس سے پہلے ممتا بنرجی نے ایک پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ خواتین کولکتہ کے راج بھون جاتے ہوئے ڈر محسوس کرتی ہیں۔ مقدمہ دائر کرنے سے پہلے گورنر بوس نے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی پر نکتہ چینی کی تھی اور کہا تھا کہ عوامی نمائندوں سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ جھوٹے الزامات لگاکر کسی کو بدنام کرنے کا ماحول نہ بنائیں۔ یہ مقدمہ دائر کئے جانے کے بعد BJP اور CPIM نے گورنر کی حمایت کی ہے۔x

## Bolivian Coup General

بولی وِیا کی ایک عدالت نے جنرل Juan Jose Zuniga اور فوج کے دو سابق سربراہوں کو بولی وِیا کے صدر Luis Arce کے خلاف ناکام بغاوت میں حصہ لینے کی پاداش میں چھ مہینے قید کی سزا سنائی ہے۔ سرکار کے ایک وزیر Eduardo Del Castilo نے بتایا کہ 17 افراد کو، جن میں سے بیشتر کا تعلق فوج سے تھا، ناکام بغاوت میں حصہ لینے کی بنا پر جمعرات کو بولی وِیا میں حراست میں لیا گیا تھا۔ اِس سے پہلے، بدھ کو جنرل Juan Jose Zuniga کی زیر قیادت سیکڑوں فوجیوں نے Munilo چوک میں مارچ کیا تھا جو کہ بولی وِیا کی سیاسی قوت کا مرکز ہے۔x

## Cricket

کرکٹ میں، مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کا فائنل بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان آج بارباڈوس میں ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے شروع ہوگا۔

بھارتی ٹیم نے روہت شرما کی قیادت میں سیمی فائنل میچ میں 68 رن سے انگلینڈ کو ہراکر فائنل میں جگہ بنائی تھی۔ دوسری طرف جنوبی افریقہ، افغانستان کو ہراکر فائنل میں پہنچا ہے۔ بھارت اور جنوبی افریقہ دونوں ہی ٹیمیں اس ٹورنامنٹ میں ایک بھی میچ نہیں ہاری ہیں اور دونوں ہی ٹیمیں اپنی جیت کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے عالمی کپ کا خطاب اپنے نام کرنے کی کوشش کریں گی۔ یہ میچ راہل دراوڑ کیلئے بھی بطور بھارتی ٹیم کوچ آخری میچ ہوگا۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں، Texas میں بھارتی کھلاڑی Malvika Bansod یو ایس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ Bansod نے کوارٹر فائنل میں اسکاٹ لینڈ کے کھلاڑی Kirsty Gilmour کو دس-اکیس، اکیس-پندرہ، اکیس-دس سے ہرادیا۔ آج رات بھارتی کھلاڑی کا مقابلہ جاپان کی Natsuki Nidaira سے ہوگا۔ تاہم خواتین کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی Rui Hirokami اور Yuna Kato کی جاپانی جوڑی سے اکیس-سترہ، سترہ-اکیس، اکیس-انیس سے ہار گئی۔x

## Table Tennis Tunis

ٹیبل ٹینس میں بھارتی کھلاڑی Diya Parag Chitale اور Yashaswini Ghorpade ٹیونیشیا میں عالمی ٹیبل ٹینس کپ کے خواتین ڈبلز زمرے کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

آج شام سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ جنوبی کوریا کی جوڑی Yoo Siwoo اور Kim Seongjin سے ہوگا۔
اس سے قبل بھارتی جوڑی نے کل کوارٹرفائنل میں Sreeja Akula اور Aykiha مکھرجی کو تین-ایک سے شکست دی تھی۔

☆☆☆☆